روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

پیر 3 مئی 2010ء 18 جمادی الاول 1431 ہجری 3 ہجرت 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 96

شکستہ کشتی

عباسی خلیفہ ہارون الرشید کے زمانے میں ایک مادہ پرست نے حضرت امام ابوحنیفہ کو خدا کی ہستی پر مناظرہ کی دعوت دی۔ لیکن حضرت امامؒ کچھ دیر سے آئے ملحد نے دیر سے آنے کی وجہ پوچھی۔ آپ نے جواب دیا۔ میرا گھر دریائے دجلہ کے اس پار ہے۔ میں اپنے گھر سے نکلا اور دریا کے کنارے پر پہنچا جہاں ایک پرانی اور شکستہ کشتی دیکھی جس کے تختے بکھر چکے تھے مگر جونہی میری نگاہ اس پر پڑی، تختوں میں اضطراب پیدا ہوا۔ پھر انہوں نے حرکت کی اور اکٹھے ہوگئے اور بغیر بڑھئی کے سالم کشتی تیار ہوگئی۔ میں اس کشتی پر بیٹھا۔ پانی کو عبور کیا اور یہاں آ گیا ملحد نے کہا شکستہ کشتی بڑھئی کے بغیر کس طرح بن گئی؟ اور بغیر ملاح کے کس طرح چل پڑی؟ یہ تو خالص جھوٹ ہے امام صاحب نے فرمایا "اگر بڑھئی کے بغیر کشتی حاصل نہیں ہوسکتی تو یہ کیسے ممکن ہے کہ اس قدر عظیم نظام دنیا بغیر کسی چلانے والے کے چل سکے؟"

(مخزن اخلاق صفحہ :130)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

انگلستان کے پروفیسر ریگ ماہر علم ہیئت کے حضرت مسیح موعود سے سوال و جواب :۔

سوال:۔ میں آئندہ زندگی کو مانتا ہوں کہ وہ ایک چولہ ہے۔ انسان اس کے ذریعہ ایک حالت سے دوسری حالت میں چلا جاتا ہے۔ مجھے سپر چول ازم سے خاص دلچسپی ہے۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آئندہ زندگی کس طرح سے ہوگی اور وہاں کیا کیا حالات ہوں گے؟

جواب:۔ فرمایا:۔

بے شک اس زندگی کا خاتمہ ہو کر ایک اور نئے رنگ کی زندگی شروع ہوگی مگر اس وقت ابھی وقت نہیں کہ اس کی تفصیل بیان کریں۔ جنہوں نے اس زندگی میں اچھی تخم ریزی کی ہوگی۔ ان کے واسطے ایک پاک سلسلہ شروع ہوگا اور جنہوں نے بری تخم ریزی کی ہوگی۔ ان کے لئے مشکلات اور عذاب کا سلسلہ ہوگا۔ اس نئی زندگی کا ایک قسم کا تعلق اس زندگی سے بھی رہتا ہے اور بالکل ٹوٹ نہیں جاتا۔ مثال کے طور پر عالم خواب موجود ہے۔ بیداری میں ایک زندگی ہوتی ہے مگر سوتے ہی ایک عظیم الشان انقلاب آ جاتا ہے بعض تفاصیل معلوم تو ہیں مگر ان کا بیان اس وقت نہیں ہوسکتا کیونکہ اس امر کے واسطے ایک لمبا وقت چاہئے۔ منٹوں میں یہ امر طے نہیں ہوسکتا۔

سوال لیڈی صاحبہ۔ آیا یہ ممکن ہے کہ جو لوگ اس دنیا سے گزر گئے ہیں اور مر چکے ہیں ان سے باتیں ہوسکیں یا کوئی تعلق یا واسطہ ہوسکے اور ان کے صحیح حالات معلوم کرسکیں؟

جواب:۔ یہ بات ممکن تو ہے کہ کشفی طور سے روحوں سے انسان مل سکتا ہے مگر اس امر کے حصول کے واسطے ریاضات شاقہ اور مجاہدات سخت کی اشد ضرورت ہے۔ ہم نے خود آزمایا ہے اور تجربہ کیا ہے اور بعض اوقات روحوں سے ملاقات کرکے باتیں کی ہیں۔ انسان ان سے بعض مفید مطلب امور اور دوائیں وغیرہ بھی دریافت کرسکتا ہے ہم نے خود .... ملاقات کی ہے اور اس معاملہ میں صاحب تجربہ ہیں، لیکن انسان کے واسطے مشکل یہ ہے کہ جب تک اس راہ میں مشق اور قاعدہ کی پابندی سے مجاہدات نہیں کرتا یہ امر حاصل نہیں ہوسکتا اور چونکہ ہر ایک کو یہ امر میسر بھی نہیں آ سکتا۔ اس واسطے اس کے نزدیک یہ ایک قصہ کہانی ہی ہوتی ہے اور اس میں حقیقت نہیں ہوتی۔

انسانی قلب بڑے بڑے عجائبات کا مرکز ہے مگر جس طرح صاف اور عمدہ پانی حاصل کرنے کے واسطے سخت سے سخت محنت اٹھا کر زمین کھودی جاتی ہے، مٹی نکالی جاتی ہے اور پھر صفائی کی جاتی ہے اسی طرح دل کے عجائبات قدرت سے اطلاع پانے کے واسطے بھی سخت محنت اور مجاہدات کی ضرورت ہے اصل بات یہی ہے کہ اصلیت اس امر کی ضرور مانی جاتی ہے جس کے ہم خود گواہ ہیں اور صاحب تجربہ۔

﴿ملفوظات جلد پنجم ص 625﴾

مذہبی تعلیم حاصل کریں

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

"میرے نزدیک ہمیں زیادہ توجہ جس طرف دینی چاہئے وہ تعلیم ہے اور وہ بھی مذہبی تعلیم۔ یہی تعلیم ہماری اولاد کے ہوش و حواس قائم رکھ سکتی ہے...... ہمارے ملک کے لوگ اس طرح دیوانہ وار یورپ کی تقلید کر رہے ہیں کہ اسے دیکھ کر شرم و ندامت سے سر جھک جاتا ہے...... ہمیں نہ صرف اپنے آپ کو بلکہ دوسروں کو بھی بچانے کے لئے یہ کوشش کرنی چاہئے۔"

(الازھار لذوات الخمار نیا ایڈیشن ص 213)

(ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2009ء)

داخلہ مدرسۃ الظفر (معلمین کلاس)

۞ مدرسۃ الظفر ربوہ میں داخلہ کیلئے تحریری ٹیسٹ و انٹرویو میٹرک کے نتیجہ کے بعد ہوگا معین تاریخ کا اعلان روزنامہ الفضل میں کیا جائے گا۔ ایسے طلباء جو زندگی وقف کرکے مدرسۃ الظفر میں داخلہ کے خواہشمند ہیں وہ داخلہ کیلئے ابھی سے اپنی درخواست والد/سرپرست کے دستخط اور مقامی جماعت کے صدر صاحب/امیر صاحب کی تصدیق کے ساتھ نظامت ارشاد وقف جدید کو بھجوائیں۔

شرائط برائے داخلہ

☆ امیدوار کا کم از کم میٹرک پاس ہونا ضروری ہے۔

☆ میٹرک پاس امیدوار کی عمر 20 سال سے زائد نہ ہو۔

☆ ایف اے/ایف ایسی پاس امیدوار کی عمر 22 سال سے زائد نہ ہو۔

☆ قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ پڑھنا جانتا ہو۔

☆ مقامی جماعت کے صدر صاحب/امیر صاحب کی سفارش امیدوار کے حق میں ہو۔

باقی صفحہ 12 پر

مشعل راہ

اپنے بھائی کے لئے وہی پسند کریں جو اپنے لئے پسند ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ 26 دسمبر 2003ء میں فرمایا۔

ایک حدیث ہے، قیس روایت کرتے ہیں کہ عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ اپنے چند رفقاء کے ساتھ چلے جا رہے تھے۔ آپ کا ایک مردہ خچر کے پاس سے گزر ہوا جس کا پیٹ پھول چکا تھا۔ مرے ہونے کی وجہ سے پیٹ پھول جاتا ہے، کافی دیر سے پڑا تھا۔ ''آپ نے کہا بخدا تم میں سے اگر کوئی یہ مردار پیٹ بھر کر کھا لے تو یہ بہتر ہے کہ وہ کسی مسلمان کا گوشت کھائے''۔ (یعنی غیبت کرے یا چغلی کرے)۔

(الادب المفرد للبخاری۔ باب الغیبة و قول اللّٰہ تعالیٰ ولا یغتب بعضکم بعضا)

تو بعض نازک طبائع ہوتی ہیں۔ اس طرح مرے ہوئے جانور کو، جس کا پیٹ پھول چکا ہو، اس میں سے سخت بدبو آ رہی ہو، تعفن پیدا ہو رہا ہو، اس کو بعض طبیعتیں دیکھ بھی نہیں سکتیں، کجا یہ کہ اس کا گوشت کھایا جائے۔ لیکن ایسی ہی بظاہر حساس طبیعتیں جو مردہ جانور کو تو نہیں دیکھ سکتیں، اس کی بدبو بھی برداشت نہیں کر سکتیں، قریب سے گزر بھی نہیں سکتیں، لیکن مجلسوں میں بیٹھ کر غیبت اور چغلیاں اس طرح کر رہے ہوتے ہیں جیسے کوئی بات ہی نہیں۔ تو یہ بڑے خوف کا مقام ہے، ہر ایک کو اپنا محاسبہ **کرتے رہنا چاہئے۔ اب یہ بھی اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ وہ اپنے بندوں پر کتنا مہربان ہے، کہ فرمایا اگر اس قسم کی باتیں پہلے کر بھی چکے ہو، تو استغفار کرو، اللہ کا تقویٰ اختیار کرو، اپنے رویے درست کرو، میں یقیناً بہت رحم کرنے والا، توبہ قبول کرنے والا ہوں۔ مجھ سے بخشش مانگو تو میں رحم کرتے ہوئے تمہاری طرف متوجہ ہوں گا۔** بعض لوگ غیبت اور چغلی کی گہرائی کا علم نہیں رکھتے۔ ان کو سمجھ نہیں آتی کہ کیا بات چغلی ہے، غیبت ہے۔ بعض اوقات سمجھ نہیں رہے ہوتے کہ یہ چغلی بھی ہے کہ نہیں۔ بعض دفعہ بعض باتوں کو مذاق سمجھا جا رہا ہوتا ہے لیکن وہ چغلی اور غیبت کے زمرے میں آتی ہے اس لئے اس کو میں تھوڑی سی مزید وضاحت سے کھولتا ہوں۔

علامہ آلوسی **ولا یغتب بعضکم بعضا** کی تفسیر کرتے ہوئے تحریر کرتے ہیں:۔

''اس کا مطلب یہ ہے کہ تم میں سے کوئی شخص دوسرے افراد سے ایسی بات نہ کرے جو وہ اپنے بارہ میں اپنی غیر موجودگی میں کئے جانے کو ناپسند کرتا ہے..........اور جو چیز وہ ناپسند کرے اس سے مراد عمومی طور پر یہ ہوگی کہ وہ باتیں اس کے دین کے بارہ میں، یا اس کی دنیا کے بارہ میں کی جائیں، اس کی دنیاوی حالت کے بارہ میں کی جائیں، اس کے مال یعنی امیری غریبی کے بارہ میں کی جائیں۔ یا اس کی شکل و صورت کے بارہ میں کی جائیں، یا اس کے اخلاق کے بارہ میں کی جائیں، یا اس کی اولاد کے بارہ میں کی جائیں، یا اس کی بیوی کے بارہ میں کی جائیں، یا اس کے غلاموں اور خادموں کے بارہ میں کی جائیں، یا اس کے لباس کے بارہ میں اور اس کے متعلقات کے بارہ میں ہوں''۔ (روح المعانی)

تو یہ ساری باتیں ایسی ہیں کہ اگر کسی کے پیچھے کی جائیں تو وہ ناپسند کرتا ہے۔ اب دیکھ لیں کہ اکثر ایسی مجلسوں کا محور یہی باتیں ہوتی ہیں، دوسرے کے بارہ میں تو کر رہے ہوتے ہیں لیکن اگر اپنے بارہ میں کی جائیں تو ناپسند کرتے ہیں اور پھر جب باتیں ہو رہی ہوتی ہیں تو ایسے بے لاگ تبصرے ہو رہے ہوتے ہیں جیسا کہ میں نے کہا کہ اگر ان کے اپنے بارہ میں یہ پتہ لگ جائے کہ فلاں فلاں مجلس میں ان کے بارہ میں بھی ایسی باتیں ہوئی ہیں تو برا لگتا ہے، برداشت نہیں کر سکتے، فوراً مرنے مارنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ اس لئے جو باتیں وہ اپنے لئے پسند نہیں کرتے، اپنے بھائی کے لئے بھی پسند نہ کریں۔ جن باتوں کا ذکر اپنے لئے مناسب نہیں سمجھتے کہ مجلسوں میں ہوں، اپنے بھائی کے لئے بھی وہی پسند کریں کہ اس کا ذکر بھی اس طرح مجلسوں میں نہ ہو۔

(روزنامہ الفضل 13/ اپریل 2004ء)

سچ کی لکھی ہوئی تحریر

دل کے جذبات کی توقیر دکھائی دے ہے
اب تو ہر خواب کی تعبیر دکھائی دے ہے

کوئی آیا ہے محبت کے زمانے لے کر
عشق اب اپنی ہی جاگیر دکھائی دے ہے

دل کے آنگن میں مہکنے لگے چاہت کے گلاب
ہر طرف پیار کی تاثیر دکھائی دے ہے

ہم تو بس ایک ہی صورت کے تمنائی ہیں
ہم کو بس ایک ہی تصویر دکھائی دے ہے

رنگ اور نور کے بہتے ہوئے ان دھاروں میں
اس کے ہی حسن کی تنویر دکھائی دے ہے

ان کی چاہت جو مری زیست کا عنوان بنی
اب سنورتی ہوئی تقدیر دکھائی دے ہے

یہ زمیں اور فلک سب ہیں محبت کے اسیر
چار سُو عشق کی زنجیر دکھائی دے ہے

اے مرے دیدہ ورو وقت کی دیواروں پر
سچ کی لکھی ہوئی تحریر دکھائی دے ہے

عبدالصمد قریشی

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

پروفیسر جوگیش پتی، کیلی فورنیا.................................ترجمہ: مکرم زکریا ورک صاحب کینیڈا

میرا سائنسی شریک کار، عبدالسلام

نوٹ: نظری طبیعات کے ماہر اور پروفیسر عبدالسلام کے سائنسی شریک کار پروفیسر جوگیش پتی Jogesh Pati کی پیدائش 1937ء میں اڑیسہ میں ہوئی تھی۔ آپ عرصہ دراز تک یونیورسٹی آف میری لینڈ کے ڈیپارٹمنٹ آف فزکس کے سربراہ رہے تھے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد آجکل آپ سٹین فورڈ نیشنل ایکسل لیٹر لیبارٹری SLAC (سٹین فورڈ کیلی فورنیا) میں برسر روزگار ہیں۔ درج ذیل مضمون آپ نے مجھے فروری 2010ء میں ڈاک سے بھجوایا تھا۔ مئی 1997ء کا تحریر کردہ درج ذیل مضمون **'فزکس ٹوڈے'**، 'انڈین فزکس ایسوسی ایشن کے میگزین **'فزکس نیوز'**، اور انڈین فزکس ایسوسی ایشن کی امریکن برانچ کے رسالہ **'نیوز لیٹر'** میں بھی شائع ہوا تھا۔

zakaria.virk@ontario.ca

عبدالسلام جن کی وفات ستر سال کی عمر میں 21 نومبر 1996ء کو ان کے اپنے گھر آکسفورڈ میں ہوئی تھی، ایک عظیم سائنسدان اور انسانیت نواز شخص تھے۔ ان کی شہرت الیکٹرو ویک یونی فی کیشن کے پیش رو کام کی وجہ سے ہے جو کہ بیسویں صدی کی طبیعات میں سب سے افضل کارنامہ تھا۔ اس اہم کام کی بناء پر 1979ء کے نوبیل انعام میں آپ شیلڈن گلاشو اور سٹیون وائن برگ کے ساتھ برابر کے شریک قرار دئے گئے تھے۔

ڈاکٹر عبدالسلام کو اس بات کی وجہ سے بھی ہمیشہ یاد رکھا جائے گا کہ انہوں نے تیسری دنیا میں سائنس کی ترویج کیلئے زریں خدمات انجام دی تھیں۔ اس یقین واثق کی بناء پر کہ سائنس اور ٹیکنالوجی دونوں مل کر آزادی کی نعمت سے ہمکنار کرنے والی قوت بن جاتے ہیں، انہوں نے سوچا کہ اس قوت کو تمام نوع انسانی کے فائدہ کیلئے استعمال کیا جانا چاہئے خاص طور پر تیسری دنیا کیلئے۔ یوں انہوں نے اپنے فعال کیرئیر کا ایک کثیر حصہ اس نصب العین کیلئے وقف کردیا تھا۔ اس ضمن میں ان کی زندگی بھر کی کوششوں کی وجہ سے چند ایک بہترین ریسرچ سینٹرز وجود میں آئے بشمول ٹریسٹ (اٹلی) میں انٹرنیشنل سینٹر فار تھیوریٹیکل فزکس کے، جس کی داغ بیل انہوں نے 1964ء میں رکھی تھی اور 30 سال تک اس کے ڈائریکٹر رہے تھے۔ اس کے علاوہ انہوں نے متعدد انٹرنیشنل فاؤنڈیشنز کی بھی داغ بیل رکھی بشمول تھرڈ ورلڈ اکیڈمی آف سائنسز کے اور بین الاقوامی انعامات کا اجراء کیا۔ ان سب کاموں کا مدعا تیسری دنیا میں سائنس اور ٹیکنالوجی کو بلند مرتبہ دلانا مقصود تھا۔

فزکس میں اہم خدمات سرانجام دینے کی وجہ سے سلام کو متعدد انعامات دئے گئے بشمول رائل میڈل، رائل سوسائٹی آف لندن کا کوپلی میڈل، میکس ویل پرائز اور نوبیل پرائز۔ وہ نیوکلئیر ڈس آرمامنٹ اور پگواش کانفرنس کے زبردست حامیوں میں سے ایک تھے۔ امن اور بین الاقوامی تعاون میں خدمات کی وجہ سے ان کو کئی ایک بڑے بڑے انعامات دئے گئے بشمول 1968ء میں ایٹمز فار پیس ایوارڈ، اور 1989ء میں سائنس فار پیس پرائز۔ 1989ء میں ہی ان کو آنریری نائٹ کمانڈر آف دی برٹش ایمپائر KBE کا لقب تفویض کیا گیا۔ **یہ مان لینا خاصا مشکل ہو جاتا ہے کہ ایک واحد شخص سائنس کی تخلیق اور ترویج کیلئے اتنا کچھ کرسکتا ہے۔ اس لحاظ سے سلام بلاشبہ ایک منفرد انسان تھے بلکہ ایک فینامنن۔**

سلام کی پیدائش 1926ء میں جھنگ کے چھوٹے شہر میں ہوئی تھی جو اس وقت برطانوی ہندوستان میں تھا اور آجکل پاکستان کا حصہ ہے۔ چھوٹی عمر سے ہی چھری کی طرح تیز ذہانت کی وجہ سے شہرت پانے پر، انہوں نے ہائی سکول اور انڈر گریجوایٹ کی تعلیم اس رنگ میں مکمل کی کہ ان کو پنجاب یونیورسٹی سے 1946ء میں بہت سارے ایوارڈز ملے اور سینٹ جانز کالج، کیمبرج برطانیہ سے سکالرشپ بھی مل گئی تا کہ وہ اپنی گریجوائٹ تعلیم کو مکمل کرسکیں۔ کیمبرج یونیورسٹی میں بھی انہوں نے سب طالبعلموں پر سبقت حاصل کر کے فزکس اور ریاضی میں ڈبل فرسٹ حاصل کی۔ اب انہوں نے پال میتھوز سے جو پی ایچ ڈی مکمل کرنے والا تھا، ملاقات کے دوران درخواست کی کہ وہ ان کو ڈاکٹریٹ کرنے کیلئے کوئی سائنسی مسئلہ تجویز کرے۔ اس دور میں تھیوریٹیکل فزکس میں دماغی ہیجان پیدا کرنے والا سائنسی مسئلہ QED (کوانٹم الیکٹروڈائی نامکس) میں ری نارمالائزیشن کا مسئلہ تھا۔ اس مسئلہ کو جو لین شونگر، ٹومونا گا، فین مان اور ڈائی سن نے اپنے ٹھوس مقالہ جات میں بیان کیا تھا کہ کس طرح QED میں ڈائی ورجنسز کو دور رکھا جا سکتا جس کی وجہ سے دو دہائیوں سے اس مسئلہ میں دشواریاں پیدا ہو رہی تھیں۔ اس کیلئے تجربات نے بھی تھیوری کے ساتھ میل کھایا تھا اور انٹی ٹیز entities کی اقدار بھی مناسبت رکھتی تھیں جیسا کہ anamolous magnetic moment of the electron۔ میتھیوز نے سلام سے کہا کہ وہ دیکھے اس مسئلہ سے گریز کی کوئی راہ نکل سکتی ہے؟ میتھوز ہکا بکا رہ گیا جب سلام نے اس سائنسی مسئلہ کا حل چند ہی مہینوں میں دریافت کرلیا۔ سلام کے اس سائنسی معرکے کا اس فیلڈ میں کافی اچھا اثر ہوا اور اس کی وجہ سے ان کو یونیورسٹی آف کیمبرج نے 1950ء میں سمتھ پرائز کا حقدار قرار دیا۔ یہی وہ سائنسی معرکہ ہے جس کی وجہ سے سلام اپنے کیرئیر کے آغاز میں ہی عالمی شہرت کے حامل ہوگئے تھے۔

کیمبرج میں ڈاکٹریٹ مکمل کرنے کے بعد، سلام 1951 میں پنجاب یونیورسٹی میں پروفیسر آف میتھے میٹکس بن کر پاکستان لوٹ گئے تا کہ وطن عزیز میں نظریاتی طبیعات میں ریسرچ گروپس کو تشکیل دے سکیں۔ سرکاری سطح پر کوئی حوصلہ افزائی اور حمایت نہ ہونے نیز فزکس کے میدان میں ان کو جس قسم کے اکیلے پن سے واسطہ پڑا، سلام ان امور سے بہت ہی بددل ہوئے تھے۔ انہوں نے سوچا کہ وہ وطن عزیز کی خدمت ملک سے باہر رہ کر بہتر خدمت کرسکتے ہیں اس لئے وہ 1954ء میں سینٹ جانز کالج میں لیکچرار اور فیلو بن کر واپس کیمبرج آگئے۔ تین سال بعد انہوں نے 1954ء میں امپریئل کالج، لندن یونیورسٹی میں پروفیسر کا عہدہ قبول کرلیا۔ یہاں وہ دنیا کا اول ترین تھیورٹیکل فزکس گروپ قائم کرنے میں کامیاب ہوگئے، خاص طور پر اس گروپ نے جو کام پارٹیکل فزکس کی سمیٹریز میں سرانجام دیا تھا۔ اس عرصہ میں سلام کی بہترین کنٹری بیوشن نیوٹرینو کی ٹو کمپونٹ تھیوری two-component theory of neutrino کی تجویز تھی۔ اور اس کے ہمراہ chirality symmetry کا آئیڈیا تھا جو دو دیگر سائنسدانوں لی اور لانڈاؤ Lee and Landau نے بھی پیش کیا تھا تا کہ نیوٹیرینو کے ماس لیس masslessness of neutrino ہونے کے مسئلہ کو سلجھایا جا سکے۔ اس سائنسی کام اور دیگر کاموں کی بناء پر سلام 33 سال کی عمر میں رائیل سوسائٹی کے سب سے کم عمر والا فیلو چن لئے گئے تھے۔

دس سال کے عرصہ 67-1957ء میں سلام کی ریسرچ کا مرکزی موضوع، جو اول اول انہوں نے جے سی وارڈ کے اشتراک سے شروع کیا تھا، وہ ریڈیو ایکٹیو ویک اور الیکٹرو میگ نیٹک فورسز کے مابین اتحاد تھا۔ یہ سائنسی آئیڈیا 1957ء میں جولیئن شونگر نے پیش کیا تھا اور اپنی سپرٹ میں میکس ویل کے الیکٹرک اور میگ نیٹک فورسز کی بظاہر الگ الگ قوتوں میں اتحاد کے مشابہ تھا۔ اس کے بعد شیلڈن گلاشو Glashow نے گیج سیمٹری کے فائدہ مند ہونے کے بارہ میں تجویز پیش کی۔ اس کے بعد پی ڈبلیو ہگز P.W. Higgs نے فیصلہ کن مشاہدہ کیا جو ایف اینگلرٹ اور براؤٹ سے 1964ء میں آزادانہ طور پر تھا بلکہ ان سے بھی پہلے پی اینڈرسن نے دکھایا تھا کہ کس طرح ماس لیس گیج پارٹیکلز گیج سمٹریز کی سپون ٹینس بریکنگ spontaneous breaking سے ماس mass حاصل کر لیتے ہیں۔ ان تحقیقات کے بعد وائن برگ نے 1967ء میں اور سلام نے 1968ء میں الیکٹرو ویک یونی فی کیشن کا ماڈل تجویز کیا جس کی بنیاد گیج سمٹریز کی سپون ٹینس بریکنگ تھی۔ اس ماڈل نے اس وقت سرعت سے قبولیت حاصل کر لی جب جیرارڈ ہوفٹ Gerard t'Hooft نے یہ ثابت کر دیا کہ اس قسم کا ماڈل ری نارما لائز ہونے کے قابل ہے، جس طرح کہ کوانٹم الیکٹروڈائی نامکس QED ہوتا ہے۔ چنانچہ اس چیز نے پیمائش کے قابل مقداروں کی پیشگوئی کر دی بشمول ڈبلیو W اور زیڈ Z پارٹیکلز کے، نیز نیوٹرل کرنٹ کے درجنوں ویک پروسسز کے۔ گزشتہ سالوں میں ان پیشگوئیوں کی تجربات کے ساتھ حیران کن حد تک مطابقت ثابت ہو چکی ہے۔ سلام کا یہ سائنسی کام جواب پاٹیکلز فزکس میں سٹینڈرڈ ماڈل کا حصہ ہے، اس کے سبب سلام 1979ء میں گلاشو اور وائن برگ کے ساتھ نوبل انعام میں شریک کار ہوئے تھے۔

75-1974ء کے عرصہ کے دوران سلام نے ایک اور نمایاں کنٹری بیوشن جان سٹرادھی John Strathee کے ساتھ مل کر کی تھی۔ انہوں نے سپر سپیس، سپر فیلڈ فارملزم سے دنیا کو متعارف کرایا جو ایک نئی قسم کی سمٹری یعنی سپر سمٹری super-symmetry سے تعلق رکھتی تھی۔ فیلڈ تھیوریز میں سپر سمٹری کے رکھ رکھاؤ کو جاننے کیلئے سلام، سٹرادھی کی یہ تھیوری ناگزیر ثابت ہوچکی ہے۔

پروفیسر سلام کے ساتھ میرا سائنسی تعاون

پروفیسر سلام اور میرا سائنسی تعاون 1972ء میں ٹریسٹ کی میری مختصر وزٹ کے دوران شروع ہوا تھا، اور اگلے دس سالوں تک اس میں بہت گھما گھمی رہی تھی۔ مئی 1972ء میں جب میں ٹریسٹ پہنچا تو مجھے معلوم ہوا کہ " گلاشو-سلام-، وائن برگ ماڈل" کے اصل سے قدرے مختلف نمونوں پر مقالہ جات کی بھر مار ہو چکی ہے۔ سہ پہر کے وقت چائے پینے کے ایک اجلاس میں میں نے سلام سے ذکر کیا کہ: there ought to be a compelling reason for the weak-bypercharge assignments of SU(2) xU(1) -model , and that an underlying theory should provide a reason for the co-existence of quarks and leptons.

کوارکس Quarks اور لپٹانز Leptons کو ایک ہی multiplet میں رکھنا اس زمانے میں غیر رسمی تھا۔ بجائے اس کے سلام اس آئیڈیا کے بارہ میں کوئی تذبذب کا اظہار کرتے، جیسا کہ چند دیگر افراد نے کیا تھا، انہوں نے مجھے جواب دیا: **"یہ بہت ہی اعلیٰ قسم کا خیال ہے، آؤ ہم دونوں مل کر اس پر مزید کام کرتے ہیں"**۔ اس قسم کی فوری ستائش میرے لئے حوصلہ افزائی کا منبع تھی۔ یوں ہمارا سائنسی تعاون چائے کی پیالی پر شروع ہوا تھا۔

اس کے کچھ روز بعد پروفیسر سلام نے بہت ہی اہم آئیڈیا پیش کیا کہ اگر یہ جان جائیں کہ کیونکر

الیکٹران اور پروٹان میں مساوی اور مخالف چارجز ہوتے ہیں، تو انسان فین مین Feynman کے سوال کا جواب دے سکے گا کہ الیکٹران اور پروٹان (بجائے پوزیٹران اور پروٹان کے) have the same sign of longitudinal polarization in Beta decay. اب اس آئیڈیا نے اس تحقیق کو اور بھی اہم بنادیا کہ الیکٹران اور پروٹان کے چارجز کا صحیح طور پر فقدان حاصل کیا جائے۔

دو ہفتوں کے بعد اتوار کے روز دو پہر کے وقت مجھے یہ خیال آیا کوارکس اور لیپٹان کو بڑے عمدہ طریقے گیج سمٹری SU(4) color کو استعمال میں لا کے متحد کیا جاسکتا ہے۔ اگرچہ یہ اتوار کا روز تھا، سلام اس وقت سینٹر میں اپنے دفتر میں دفتری کام میں مصروف تھے، اور مجھے کہا کہ میں ان کو ملنے چلا آؤں۔ میری خوش قسمتی کہ مجھے اس روز کی آخری بس مل گئی اور دوپہر کے آخری حصہ میں مرکز ICTP پہنچ گیا۔ یہ آئیڈیا جو چند گھنٹوں قبل مجھے سوجھا تھا، سلام برجستہ میرے ولولہ اور خوشی میں برابر کے شریک ہوگئے۔ ہم پر یہ بات واضح ہوگئی کہ شاید SU(4) color بنیادی نظریہ ثابت ہوجائے۔ 1973ء میں ہماری تجویز کہ پروٹان زوال پذیر ہے، اس کے بارے میں فزکس کمیونٹی نے شک و شبہ کا اظہار کیا تھا۔ ہمارا مقالہ '**فزیکل ریویو لیٹرز**' میں شائع نہ ہوسکا کیونکہ ریفری نے اس کو رد کردیا تھا۔ لیکن بعد میں جب میں نے اس کا تردیدی جواب لکھا تو چیف ایڈیٹر نے اس کو قبول کرلیا تھا۔ ہم نے اس ضمن میں تجرباتی سائنسدانوں یعنی ماریس گولڈ ہابر Maurice Goldhaber اور فریڈرک رائنز Fredrick Reins سے تعلق قائم کیا کہ وہ پروٹان کے زوال پذیر ہونے کے بارہ میں تجربات دوبارہ شروع کردیں۔

سلام کی شخصیت کے ایک پہلو پر مزید روشنی ڈالنی ضروری ہے۔ ہمارا سائنسی تعاون جو دس سال کے عرصہ پر محیط تھا اس دوران لاتعداد خطوط، فیکسز، فون پر دلائل اور دلائل کا رد، آمنے سامنے مختلف نظریات کا اظہار اور گرما گرم بحث، فزکس میں نظریاتی بحثیں، مگر یہ سب کچھ اچھے ماحول اور صاف دلی سے کیا گیا تھا۔ ہماری گفتگو کے دوران ان کے چند مخصوص پسندیدہ محاورے ہوتے تھے۔ مثلاً کئی بار ایسا ہوا کہ ان کو کوئی آئیڈیا سوجھتا اور وہ فوراً جوش میں آجاتے تھے۔ اگر میں اس کے جواب میں کہتا کہ میں اس آئیڈیا کو فلاں فلاں وجوہات کی بناء پر پسند نہیں کرتا، تو وہ بے صبر ہوجاتے اور مجھے کہتے: جناب عالی، آپ کیا چاہتے ہیں؟ خون۔ میں اس کے جواب مسکرا کر کہتا نہیں پروفیسر سلام، میں اس سے بھی بہتر کوئی اور چیز چاہتا ہوں۔ چاہے میں صحیح یا غلطی پر تھا وہ کبھی بھی برا نہیں مناتے تھے۔

انسانیت نواز اور سائنس کا پیامبر

جہاں عبدالسلام ایک طرف اپنی سائنسی ریسرچ میں آگے کی طرف قدم رنجہ تھے، وہاں انہوں نے تیسری دنیا میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے فروغ کا اپنا مطمح نظر کبھی نظرانداز نہ ہونے دیا تھا۔ حقیقی معنوں میں ان کو اس بات پر دکھ پہنچتا تھا کہ تیسری دنیا میں اتنے قابل نوجوانوں کو مواقع فراہم نہیں ہوتے کہ وہ سائنس میں اپنا لئے مقام پیدا کرسکیں، اور جیسا کہ ان کا کہنا تھا کہ:

" اتنے خوابیدہ قابلیت والے اعلیٰ درجہ کے سائنسداں ضائع ہوجاتے ہیں"

وہ سائنسدانوں کی علمی تنہائی سے بھی نالاں تھے جس سے تھرڈ ورلڈ کے سائنسدانوں کو اپنے وطنوں میں واسطہ پڑتا ہے۔ سائنسدانوں کی مدد کرنے کے مصمم ارادے سے انہوں نے 1960ء میں اقوام متحدہ کے ادارے انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی سے رابطہ قائم کیا تاکہ کسی جگہ پر انٹرنیشنل سینٹر فار تھیورٹیکل فزکس قائم کیا جاسکے۔ سلام کی تجویز کو بڑی شدومد سے مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا، ایک ترقی پذیر ملک سے IAEA کے ایک نمائندہ نے تو یہ کہہ دیا کہ: "تھیورٹیکل فزکس سائنس کی رولز رائیس ہے، جبکہ ترقی پذیر ممالک کو صرف بیل گاڑیوں کی ضرورت ہے"۔ چار سال تک سلام اور اس کے دیگر رفقائے کار نے بڑی شدت سے سینٹر قائم کرنے کی مہم جاری رکھی، اور آخرکار 1964ء میں IAEA کی جزوی مدد سے اور اٹلی حکومت کی بنیادی مدد سے سلام ICTP، ٹریسٹ کے شہر میں قائم کرنے میں کامیاب ہوگئے۔

عبدالسلام کی ان تھک کوششوں کے طفیل آئی سی ٹی پی جلد ہی ریسرچ سینٹر اور ٹریننگ سینٹر کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرا، جہاں سے نہ صرف اعلیٰ درجے کے سائنسداں جنم لیتے ہیں بلکہ ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کے سائنسدانوں کیلئے ہر سال ورکشاپس اور سمر سکولز کے ذریعہ باہم ملنے کے مواقع بھی فراہم کئے جاتے ہیں۔ سینٹر کی 33 سالہ تاریخ میں 60,000 تجرباتی سائنسداں اور تھیورٹیکل ریسرچ کے طبیعات داں مرکز کی میزبانی سے لطف اندوز ہوچکے ہیں، جبکہ ان میں نصف ترقی پذیر ممالک سے تھے۔ ان سائنسدانوں کی ریسرچ کی فیلڈز فنڈامینٹل فزکس سے لیکر اطلاقی اور پیور فزکس پر ممتد ہوتی ہیں، جبکہ اطلاقی فزکس میں فزکس آف میٹریلز، مائیکروپروسیسرز، انرجی، فیوژن، ری ایکٹرز، سولر اینڈ نان کونشنل انرجی، لیزرز، اوشینز oceans، سسٹمز انالے سز، جیوفزکس، بائیو فزکس اور نیورو فزکس شامل ہیں۔ سینٹر میں آنیوالے صدیوں سائنسدانوں کے ساتھ گفتگو سے مجھے اندازہ ہوا ہے کہ سینٹر تھرڈ ورلڈ کے طبیعات دانوں کی سائنسی زندگی کو زندہ رکھنے میں کتنا اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

ٹریسٹ کا شہر اگرچہ ساحل سمندر اور پہاڑیوں سے گھرا ہوا ہے، انہوں نے کبھی بھی کام سے چھٹی نہیں کی تھی۔ اس دوران کہ ان کا خاندان برطانیہ میں مقیم تھا وہ بذات خود آئی سی ٹی پی کی عمارت کے ساتھ کی حویلی میں رہائش پذیر رہتے تھے۔ ہر دو ہفتوں کے لگ بھگ وہ چند روز کیلئے برطانیہ اپنے خاندان سے ملنے جایا کرتے تھے۔ یوں ان کو زیادہ وقت مل جاتا تھا کہ وہ سینٹر کی ضروریات اور اپنی عالمی جدوجہد پر توجہ دے سکیں، لیکن اس کا مطلب یہ بھی تھا کہ وہ ذاتی طور پر بہت بڑی قربانی دے رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ سے تعلق اور ذہنی اتحاد ان کیلئے ہر آن اندرونی صلابت کا منبع ہوتا تھا۔ آپ ایک مؤثر مقرر تھے اور مالی تعاون کرنے والے اداروں کے ساتھ بہترین سفارت کار ہوتے تھے۔ آپ کی وہ تقاریر خاص طور پر وہ جو اقوام متحدہ جیسے اداروں کے عام سامعین کیلئے ہوتی تھیں، وہ قصوں، مماثلتوں، تشبیہات اور حقائق سے معمور ہوتی تھیں۔ ان کا مقصد تھرڈ ورلڈ میں سائنس اور ٹیکنالوجی کیلئے مزید امداد کی ضرورت کے نصب العین کو واضح کرنا ہوتا تھا۔ اور آخری بات یہ کہ سلام تیسری دنیا میں مقیم سائنسدانوں کی ضروریات وحوائج کو دلی طور پر محسوس کرتے تھے۔ اپنے احساسات کا عملی رنگ میں اظہار کرنے کیلئے انہوں نے نوبیل انعام سے ملنے والی ساری کی ساری رقم ترقی پذیر ممالک میں سائنس کے فروغ کیلئے دے دی۔ باوجود اس کے کہ ان کی میٹنگز اور ملاقاتیں حد سے زیادہ ہوتی تھیں، وہ اس بات کا اہتمام کرتے تھے کہ سینٹر میں آنے والے ہر اس شخص سے جو ملنے کا طالب ہوتا تھا اس سے ملاقات کریں، بلکہ وہ اس کوشش میں رہتے کہ تمام ایسے افراد کی ضروریات کو حتی الوسع کوشش سے پوری کرسکیں۔ ایسی شاندار خصوصیات کا ایک شخص میں مجتمع ہوجانا ہی وہ وجوہات ہیں کہ سلام نے بہت بڑھ کر کامیابیاں حاصل کیں۔

عبدالسلام نے آئی سی ٹی پی جیسے پوری دنیا میں پھیلے 20 سینٹرز قائم کرنے کا سپنا دیکھا تھا جن میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے مختلف پہلوؤں پر ریسرچ کی جاسکے۔ انہوں نے دولت سے مالا مال ترقی یافتہ اور کئی ایک ترقی پذیر ممالک (خاص طور پر عرب ممالک سے) اس ضمن میں دردمندانہ اپیل کی، نیز اپنے اپنے ممالک میں بھی سائنس اور ٹیکنالوجی میں زیادہ مالی امداد فراہم کرنے کیلئے کہا۔ انہوں نے 20 سینٹرز کے قیام کیلئے ورلڈ بنک سے بھی رابطہ قائم کیا اور 1990ء میں جزوی یقین دہانی بھی کی گئی تھی۔ اس دوران سلام ایک عالمی یونیورسٹی کے قیام کا بھی سپنا دیکھ رہے تھے جس کو بین الاقوام سے مالی امداد وصول ہونا تھی۔ اس قسم کی یونیورسٹی نے چلنے کیلئے دنیا بھر کی یونیورسٹیوں کے ایک کنسورشیم سے جڑے ہوئے ہونا تھا۔

ایسے منصوبوں کیلئے سلام کی کوششوں میں ان کی زندگی کے آخری آٹھ سالوں میں ایک اعصابی بیماری کے لاحق ہوجانے سے جو پارکن سن کی بیماری کی طرح تھی، بدقسمتی سے سخت رکاوٹ پڑگئی۔ تاہم کئی دیگر افراد کی کوششوں سے آپ ایک انٹرنیشنل سینٹر فار جینیٹک انجینئرنگ اینڈ بائیوٹیکنالوجی جس کی شاخیں ٹریسٹ اور دہلی میں تھیں، اور ٹریسٹ میں انٹرنیشنل سینٹر فار سائنس اینڈ ہائی ٹیکنالوجی قائم کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ اس کے علاوہ آپ کسی ممکنہ حد تک ایڈنبرا، سکاٹ لینڈ میں انٹرنیشنل سینٹر فار میتھے میٹکس، بوگاٹا کولمبیا میں انٹرنیشنل سینٹر فار فزکس، انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ فار تھیورٹیکل اینڈ اپلائیڈ فزکس، آئی یوا IOWA سٹیٹ یونیورسٹی امریکہ، اور ایشیا پیسفک سینٹر فار تھیورٹیکل فزکس، سول کوریا ان اداروں کے قیام میں مصروف عمل رہے تھے۔ اگر عبدالسلام نے اچھی صحت میں زندگی کے کچھ سال اور گزارے ہوتے، تو بہت سارے اور ادارے قائم ہوجانے تھے۔ ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کو مخاطب ہوتے ہوئے، سلام اکثر یہ محاورہ استعمال کرتے تھے:

سائنس سستی نہیں مگر اس پر ہونے والا خرچ دس گنا واپس آئیگا۔

عبد السلام کو بیسویں صدی کے ایک عظیم سائنسدان اور ایک انسانیت نواز شخص کے طور پر یاد رکھا جائیگا جس نے تیسری دنیا میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے مقام کو بلند کرنے کیلئے اپنی زندگی وقف کردی تھی۔ بیس بین الاقوامی مراکز کے قیام نیز ورلڈ یونیورسٹی کے قائم کرنے کا سپنا دیکھنا شاید اپنے دور سے بہت آگے تھے سائنسدانوں کے آج کے دور کی نسل اور عالمی لیڈروں کا اب یہ کام ہے کہ وہ اس سپنے کو پورا کردیں۔

بقیہ صفحہ 6

اس تقریب کے مہمان خصوصی مکرم الحاج مولوی محمد یوسف یاؤسن صاحب نائب امیر اوّل وقائمقام امیر ومشنری انچارج گھانا تھے۔ تقریب کے باقاعدہ آغاز سے قبل مہمان خصوصی صاحب نے لوائے احمدیت لہرایا اور دعا کروائی۔ اس کے ساتھ ہی جامعہ احمدیہ کی فضا نعرہ تکبیر اللہ اکبر کی آواز سے گونج اٹھی۔ تلاوت قرآن کریم اور حضرت اقدس مسیح موعود کے کلام

''حمد وثناء اسی کو جو ذات جاودانی''

سے تقریب کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ اس کے بعد خاکسار نے تفصیلاً سالانہ رپورٹ پیش کی۔ رپورٹ کے بعد ملک مالی سے تعلق رکھنے والے ایک طالب علم نے نہایت خوش الحانی سے حضرت اقدس مسیح موعود کا عربی قصیدہ فی مدح حضرت رسول مقبول ﷺ پیش کیا۔ اس کے بعد مہمان خصوصی نے علمی اور ورزشی مقابلوں میں پوزیشنز لینے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کئے۔ بعدہ مہمان خصوصی نے امسال جامعہ احمدیہ گھانا سے فارغ التحصیل ہونے والے 35 طلبہ کو ڈپلومہ سرٹیفیکیٹس عطا کئے۔ پھر جامعہ کے ایک طالب علم نے حضرت مصلح موعود کا دعائیہ منظوم کلام

''بڑھتی رہے خدا کی محبت خدا کرے''

ترنم سے پیش کیا۔ اس کے بعد مہمان خصوصی نے حاضرین سے خطاب فرمایا اور اختتامی دعا کروائی۔ پھر فوٹو سیشن ہوا۔ نماز ظہر وعصر کے بعد جملہ مہمانوں کی خدمت میں ظہرانہ پیش کیا گیا۔

تمام قارئین کی خدمت میں جملہ اسٹاف، طلبہ اور کارکنان کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم حمید اللہ ظفر صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ گھانا

جامعہ احمدیہ گھانا 2009 کی سرگرمیاں

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے جامعہ احمدیہ گھانا کو گزشتہ سالوں کی طرح امسال بھی تدریسی اور غیر تدریسی سرگرمیاں بھرپور طریق پر ادا کرنے کی توفیق ملتی رہی۔ جامعہ احمدیہ گھانا اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے چوالیسویں سال میں قدم رکھ چکا ہے۔ اس کا قیام 1966 میں عمل میں آیا تھا، وقت اور ضروریات کے مختلف مراحل سے گزرتے ہوئے، آج یہ مقدس ادارہ متلاشیان حق کی آبیاری کے لیے براعظم افریقہ میں ایک روشن ستارے کی مانند چمکتا نظر آرہا ہے۔ اس ادارہ کی گود میں اس وقت سترہ (17) ممالک سے تعلق رکھنے والے، مختلف قومیتوں کے مختلف بولیاں بولنے والے فرزندان احمدیت ایک پرچم تلے جمع ہوکر، مسیح دوراں کی تعلیمات سے بہرہ ور ہوکر اپنے اندر روحانی تبدیلیاں لانے کے لیے کوشاں ہیں تاکہ جب وہ یہاں سے تعلیم مکمل کرکے اپنے لوگوں کی طرف واپس لوٹیں تو اپنے نور سے انھیں بھی منور کردیں۔ قارئین کی خدمت میں جامعہ احمدیہ گھانا کے شب وروز بغرض دعا پیش ہیں:۔

جامعہ احمدیہ گھانا میں اس وقت تین سالہ نصاب رائج ہے اور سال 2009 میں طلبہ کی کل تعداد ایک صد رہی جن میں سے 72 غیر ملکی اور باقی 28 گھانین تھے۔ سال 2009 میں گھانا کے علاوہ کل 15 ممالک کے کل 72 طلبہ زیر تعلیم رہے جن کا ملک وار جائزہ پیش خدمت ہے۔ برکینا فاسو 28، مالی 10، ٹوگو 5، یوگنڈا 5، گیمبیا 5، آئیوری کوسٹ 4، گنی بساؤ 3، سینیگال 3، بینن 3، کینیا 2، سیرالیون 1، روانڈا 1، فجی 1، نائیجر 1۔

مدرسۃ الحفظ:

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی شفقت اور اجازت سے یکم مارچ 2005 سے جامعہ احمدیہ گھانا کے زیر انتظام مدرسۃ الحفظ بڑی کامیابی سے جاری ہے جس میں نہ صرف گھانین بچے قرآن کریم حفظ کرنے کی سعادت پارہے ہیں بلکہ حضور انور کی اجازت اور شفقت سے یوگنڈا، گنی بساؤ، گیمبیا، برکینا فاسو اور ٹوگو سے طلبہ آکر تعلیم لے رہے ہیں۔ تادم تحریر کل 20 طلبہ قرآن کریم حفظ کرچکے ہیں اور اس طرح جماعت ہائے احمدیہ گھانا کی تاریخ میں پہلی بار، سال 2009 کے رمضان المبارک میں اس قدر حفاظ کی اقتداء میں نماز تراویح کا اہتمام کیا گیا تھا۔ الحمد للہ مدرسۃ الحفظ گھانا نے اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑے کم عرصہ میں اپنا ایک خاص مقام بنالیا ہے۔ اللہ تعالیٰ جزا دے دو حفاظ اساتذہ مکرم حافظ مبشر احمد جاوید صاحب اور مکرم حافظ سید مشہود احمد صاحب کو، جو بڑی محنت سے طلبہ کی تعلیم وتربیت کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔

تدریس جامعہ احمدیہ

جامعہ احمدیہ کا تعلیمی سال ماہ جنوری سے شروع ہوتا ہے اور ماہ دسمبر میں ہونے والی سالانہ تقریب تقسیم انعامات پر اختتام پذیر ہوتا ہے۔ سال کو دو سمیسٹرز میں تقسیم کیا گیا ہے اور ہر سمیسٹر کے بعد امتحان کا انعقاد ہوتا ہے اور سال کے اختتام پر دونوں سمیسٹرز کے رزلٹ کو ملا کر فائنل رزلٹ تیار کیا جاتا ہے۔

جامعہ احمدیہ کے تدریسی اوقات کا آغاز صبح 7:15 اسمبلی سے ہوتا ہے جس میں پہلے تلاوت قرآن کریم پھر اقتباس از تحریرات حضرت اقدس مسیح موعود پیش کیا جاتا ہے اور آخر پر دعا ہوتی ہے۔ اس کے بعد جملہ طلبہ نظم وضبط کا مظاہرہ کرتے ہوئے قطاروں میں اپنے اپنے کلاس روم میں چلے جاتے ہیں۔ جامعہ کے طلبہ کا یونیفارم سیاہ ٹوپی، سفید شرٹ سیاہ پینٹ، سیاہ ٹائی اور سیاہ بوٹ ہیں۔

جامعہ احمدیہ گھانا میں تدریس انگلش زبان میں ہوتی ہے اس لیے فرنچ ممالک سے آنے والے طلبہ کے لیے مستقل ہدایت ہے کہ وہ نئے تعلیمی سال سے کم ازکم تین ماہ قبل آجائیں تاکہ وہ سپیشل انگلش کلاس سے استفادہ حاصل کرسکیں تاکہ دوران تدریس ان کو زبان کا مسئلہ درپیش نہ ہو۔ فرانکوفون طلبہ کے لیے ہر روز صبح 5:30 تا 6:30 سپیشل انگلش کلاس لگائی جاتی رہی۔ اس سلسلہ میں مکرم الحسن عطا وینچی صاحب دعاؤں کے خاص مستحق ہیں جو ایک لمبے عرصہ سے جامعہ احمدیہ میں انگلش زبان سکھانے کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔

جامعہ احمدیہ گھانا میں پڑھائے جانے والے مضامین یہ ہیں۔ قرآن کریم ناظرہ، ترجمۃ القرآن، تفسیر القرآن، حدیث، فقہ، کلام، تاریخ، موازنہ مذاہب، عربی، اردو اور انگلش۔ تمام اساتذہ بڑی محنت سے پڑھانے کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب کو اپنی بہترین جزاء سے نوازے۔ آمین

دوپہر 1:45 پر چھٹی ہوتی ہے اور طلبہ نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد کھانا کھا کر قیلولہ کرتے ہیں۔ نماز عصر ادا کرنے کے بعد طلبہ کھیل کے میدان میں آجاتے ہیں۔ جہاں وہ فٹبال، والی بال اور دیگر انفرادی ورزشیں کرتے ہیں۔ نماز مغرب کے بعد طلبہ کامن روم میں بیٹھ کر ٹی وی کے مختلف پروگرامز سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ نماز عشاء کے بعد طلبہ دو گھنٹے کیلئے سٹڈی کرتے ہیں۔

مجلس علمی وارشاد:

جامعہ میں دوران سال ہونے والے مختلف جلسوں، سیمینارز اور علمی مقابلوں کے لیے یہ شعبہ مکرم حافظ سید مشہود احمد صاحب کی زیر نگرانی بڑی خوش اسلوبی سے کام کررہا ہے۔ دوران سال اس شعبہ کے تحت ہونے والے مختلف پروگرامز کی تفصیل کچھ یوں ہے۔ حمدیہ محفل، نعتیہ محفل، یوم مصلح موعود، یوم آزادی گھانا، یوم مسیح موعود، جلسہ سیرۃ النبی ﷺ، یوم خلافت، قرآن سیمینار، سیمینار بعنوان Traditional Religions، مقابلہ تلاوت قرآن، مقابلہ نداء، مقابلہ مطالعہ کتب، مقابلہ حفظ ادعیہ، مقابلہ تقریر، مقابلہ حفظ القرآن، مقابلہ پیغام رسانی اور کوئز پروگرام

گروپس:

جامعہ احمدیہ اور مدرسۃ الحفظ کے طلبہ کی صلاحیتوں کو پرکھنے اور ان میں نکھار لانے کے لیے انھیں چار گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ صداقت، امانت، دیانت اور شجاعت۔ ہر گروپ کا ایک استاد نگران ہے جو اپنے گروپ کے طلبہ کی مناسب کونسلنگ کرنے کے ساتھ ساتھ جامعہ میں دوران سال ہونے والے علمی اور ورزشی مقابلوں کے لیے ایسے طلبہ تیار کرتا ہے جو دوران سال مختلف مقابلوں میں حصہ لے کر اپنے گروپ کے لئے زیادہ سے زیادہ پوائنٹس لینے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس طرح سال کے اختتام پر ہونے والی تقریب تقسیم انعامات میں بہترین گروپ کو ٹرافی سے نوازا جاتا ہے۔

سپورٹس کمیٹی:

یہ کمیٹی جامعہ میں دوران سال ہونے والی کھیلوں کی نگرانی کرتی ہے جس کے انچارج مکرم حافظ طیب احمد طاہر صاحب ہیں۔ سپورٹس کمیٹی کی نگرانی میں سال 2009 کی سالانہ کھیلیں مؤرخہ 21 دسمبر تا 23 دسمبر منعقد ہوئیں۔ کچھ مقابلے گروپس کی بنیاد پر ہوئے اور کچھ انفرادی۔ مقابلوں کی تفصیل کچھ یوں ہے۔ فٹبال، والی بال، رسہ کشی، ڈاک دوڑ، میرو ڈبہ، پیدل چلنا، دوڑ سو میٹر، دوڑ پندرہ سو میٹر، تین ٹانگ دوڑ، لمبی چھلانگ، مشاہدہ معائنہ، ثابت قدمی، کلائی پکڑنا، گولہ پھینکنا اور پنجہ آزمائی۔ انفرادی اور اجتماعی کھیلوں میں بہترین کارکردگی دکھانے والوں کو سالانہ تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر انعامات سے نوازا گیا۔

رمضان المبارک:

رمضان المبارک میں طلبہ کے لئے ایک خاص پروگرام تشکیل دیا گیا تھا تاکہ طلبہ رمضان المبارک کی برکات سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوسکیں چنانچہ مکرم مبشر حسین شاہد صاحب جو طلبہ کے تربیتی امور کے نگران ہیں، کی زیر نگرانی دوران رمضان فائنل ایر کے طلبہ باری باری نماز فجر کے بعد مختلف عناوین پر درس دیتے رہے اور نماز عصر کے بعد تمام طلبہ کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے بیان فرمودہ درس القرآن کے سننے کا اہتمام کیا گیا تھا اسی طرح ہر جمعۃ المبارک کے روز نماز فجر کے بعد طلبہ قریبی اکرافو ٹاؤن کے قبرستان میں اساتذہ کی نگرانی میں دعا کے لئے جاتے رہے۔ یہ قبرستان جماعت ہائے گھانا کا قدیمی وتاریخی قبرستان ہے اور یہی وہ ٹاؤن ہے جہاں سے احمدیت کا گھانا میں آغاز ہوا اور اسی قبرستان میں گھانا کے پہلے احمدی مدفون ہیں۔ اس قبرستان میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث، حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ تشریف لاکر دعا کرچکے ہیں۔ امسال پہلی دفعہ جامعہ احمدیہ میں نوتعمیر شدہ بیت النور میں گنجائش کے مطابق 6 طلبہ کو اعتکاف بیٹھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ اس بیت الذکر کا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے خلافت جوبلی کے تاریخی سال میں دورہ گھانا کے دوران مورخہ 21 اپریل 2008ء کو افتتاح فرمایا تھا اور اس کا نام بیت النور تجویز فرمایا تھا۔

لائبریری:

دوران سال جامعہ احمدیہ کی لائبریری جو لمبے عرصے سے عدم توجہی کا شکار چلی آرہی تھی، کی ازسرنو تزئین کی گئی اس کیلئے گھانا کی مختلف لائبریریوں کا دورہ کرکے جامعہ کی لائبریری کے لئے نیا فرنیچر تیار کروایا گیا۔ کتب کی کمی کو پورا کرنے کے لئے گھانا میں موجود مختلف دینی کتب خانوں کا دورہ کرکے معیاری کتب حاصل کی گئیں اس کے علاوہ مرکز سے جماعتی کتب کے حصول کو ممکن بنانے کی سعی کی گئی۔ لائبریری میں موجود گزشتہ جماعتی اخبارات ورسائل کی سال وار فائلنگ اور ریکارڈ کی درستگی ایک مشکل امر تھا مگر بفضل اللہ تعالیٰ اس مشکل کو حل کیا گیا اور شبانہ روز محنت سے گزشتہ کئی سالوں کے ریکارڈ کو باترتیب طریق سے جلد بندی کرواکر محفوظ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ طلبہ کی سہولت کے لیے لائبریری میں MTA کا انتظام کیا گیا ہے تاکہ طلبہ اس سے بھرپور فائدہ اٹھاسکیں۔

کمپیوٹر سیکشن:

وقت کا تقاضا تھا کہ جامعہ احمدیہ کے طلبہ کو کمپیوٹر کے استعمال سے ہم آہنگ کیا جائے چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے جامعہ احمدیہ گھانا کو ایک کمپیوٹر لیب کے قیام کی توفیق ملی ہے۔ جس میں سردست پانچ (5) کمپیوٹرز رکھے گئے ہیں اور ان میں اضافہ کیا جائے گا۔

ہوسٹل:

جامعہ احمدیہ اور مدرسۃ الحفظ کے طلبہ کے لیے ضروری ہے کہ ان کی رہائش ہوسٹل میں ہو تاکہ ان کی تعلیم وتربیت کا فریضہ احسن طور پر انجام پاسکے۔ چنانچہ اس وقت کل 146 طلبہ ہاسٹل میں قیام پذیر ہیں جن کے جملہ امور کی نگرانی مکرم طاہر احمد ظفر صاحب بحیثیت سپرنٹنڈنٹ کام کررہے ہیں۔ طلبہ کے کمروں کی صفائی کا معیار maintain رکھنے کے لیے ہر جمعہ

کو اساتذہ کی ایک کمیٹی ہر کمرے میں جا کر صفائی کا معیار جانچتی ہے اور باقاعدہ اس کی مارکنگ ہوتی ہے اور سال کے اختتام پر بہترین کمرے والوں کو انعام دیا جاتا ہے۔

کلاسز و دورہ جات:

جامعہ احمدیہ کے اساتذہ اور طلبہ کو یہ توفیق بھی مل رہی ہے کہ وہ جامعہ کے قرب و جوار میں بسنے والے احمدیوں کی تعلیم و تربیت میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔ چنانچہ جامعہ کے اساتذہ بعض قریبی جماعتوں میں جا کر نماز جمعہ پڑھانے کے ساتھ ساتھ ان کی تعلیم و تربیت کیلئے مختلف پروگرام بناتے ہیں۔ بعض اساتذہ کو ریڈیو پروگرامز کے ذریعے بھی خدمت کی توفیق مل رہی ہے۔ اس کے علاوہ ہر روز جامعہ کے دو طلبہ اکرافو ٹاؤن میں نماز مغرب کے بعد بچوں کی کلاس لیتے ہیں۔

وقف عارضی:

طلبہ کی عملی ٹریننگ کے لیے ہر سال کی طرح اس سال بھی پہلے سمیسٹر کے بعد انھیں وقف عارضی کے لیے گھانا کے 9 مختلف ریجنز میں مورخہ 18 سے 30 جون تک بھجوایا گیا۔ جہاں طلبہ نے بڑی محنت سے جماعت کی تعلیم و تربیت کا فریضہ سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ دعوت الی اللہ بھی کی جس کے نتیجہ میں پانچ بیعتیں حاصل کرنے کی توفیق ملی۔

پکنک:

طلبہ کی تفریح کیلئے بھی 23/اپریل 2009ء کو ساحل سمندر پر پکنک کا اہتمام کیا گیا تھا۔ جس میں جامعہ کے سٹاف نے بھی بھرپور شرکت کی۔ اس کے لیے طلبہ نے مختلف قسم کے تفریحی پروگرامز تیار کیے تھے جو بہت پسند کیے گئے۔

وقار عمل:

جامعہ احمدیہ اور ماحول کی صفائی کو برقرار رکھنے کے لیے طلبہ ہر جمعرات کو نماز عصر کے بعد وقار عمل کرتے ہیں جس کی نگرانی مکرم عبدالوحید بھٹی صاحب کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہر اہم موقع کی مناسبت سے طلبہ جامعہ کی صفائی کا اہتمام کرتے ہیں۔ جامعہ کے کچن میں چونکہ زیادہ تر لکڑی بطور ایندھن استعمال ہوتی ہے اس لیے دوران سال ایک اہم وقار عمل ایسی لکڑی کو اکٹھا کرنے کی غرض سے ہوتا ہے۔ جس میں طلبہ سال بھر کا ایندھن اکھٹا کرتے ہیں۔

نرسری:

مکرم فضل احمد مجوکہ صاحب کی زیر نگرانی جامعہ کی ایک خوبصورت نرسری ہے جس میں مختلف قسم کے پھول اور پودے لگائے گئے ہیں۔ یہ جامعہ کی عمارت کے بالکل سامنے واقع ہے اور جامعہ میں آنے والے ہر شخص کو گلاب کے پھول خوش آمدید کہتے ہیں۔

اجتماعات میں شمولیت:

طلبہ کی ہمیشہ سے روایت رہی ہے کہ وہ نہ صرف ہر جماعتی پروگرام میں بھرپور شرکت کرتے ہیں بلکہ ڈیوٹیوں کے ذریعہ اس پروگرام کو کامیاب بنانے میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں۔ جامعہ احمدیہ گھانا کے طلبہ بھی اس روایت کو قائم رکھے ہوئے ہیں۔ چنانچہ سال 2009ء میں ہونے والے خدام اور اطفال کے اجتماعات میں طلبہ نے بھرپور حصہ لیا اس کے علاوہ آخری سال کے طلبہ کو نیشنل مجلس شوریٰ کے موقع پر ڈیوٹیز سرانجام دینے کی بھی توفیق ملی۔

شعبہ زراعت:

جامعہ احمدیہ کو اللہ تعالیٰ کے فضل سے کچھ زرعی پروجیکٹس پر بھی کام کرنے کی توفیق مل رہی ہے چنانچہ جامعہ کے اطراف میں واقع زرعی اراضی پر خاکسار کی زیر نگرانی مختلف قسم کے پھلدار اور پھولدار پودے لگائے گئے ہیں۔ ان پھلدار پودوں میں انناس، کیلا، پپیتا، آم، اورنج، کوکونٹ اور پلانٹین شامل ہیں جو ایک طرف تو جامعہ کی خوبصورتی میں اضافہ کر رہے ہیں اور دوسری طرف جامعہ کے طلبہ کو موسمی پھل مہیا کر رہے ہیں۔

پیکٹوریل صد سالہ خلافت جوبلی

